# Assesment Scheme

## For Urdu 10th, Part-II, Session 2013 - 14 & Onward

**Time:** 02:30 hrs **Total Marks:** 75 (Obj. = 15, Sub. = 60)

| سوال کی نوعیت | نصابی کتاب جماعت دہم (پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ) پوچھے گئے سوالات | حل کیے گئے سوالات | کل نمبر | سوال کی نوعیت | اردو قواعد وانشاء جماعت دہم (پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ) پوچھے گئے سوالات | حل کیے گئے سوالات | کل نمبر | [redacted] |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کثیر الانتخابی سوالات<br>نصابی کتاب، حصہ نثر، نظم، غزل | 10 | 10 | 10 | کثیر الانتخابی سوالات<br>گرائمر اور اعراب (درست تلفظ) | 5 | 5 | 5 | معروضی کل نمبر = 15<br>انشائیہ کل نمبر = 60 |
| نظم و غزل کے اشعار کی تشریح | 7 | 5 | 10 | -- | -- | -- | -- | |
| پیراگراف کی تشریح، سیاق وسباق اور الفاظ کے معنی | 2 | 2 | 10 | مضمون | 3 | 1 | 15 | |
| سوالات کے مختصر جوابات<br>حصہ نثر، نظم، غزل | 8 | 5 | 10 | تفہیم عبارت واشعار کے سوالات کے مختصر جوابات | 5 | 5 | 10 | |
| سبق کا خلاصہ | 2 | 1 | 5 | -- | -- | -- | -- | |
| کل نمبر | -- | -- | 45 | کل نمبر | -- | -- | 30 | کل نمبر = 75 |

ظہور احمد SS
گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول
قصبہ گجرات مظفر گڑھ

محمد مشتاق راہی SS
گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول
چوک سرور شہید

صفدر الحق، سینئر O.T
سنٹر آف ایکسلینس گورنمنٹ ہائی سکول نمبر 1
ڈیرہ غازی خان

لازمی

# ماڈل پیپر اُردو برائے سیکنڈری سکول (10th) پارٹ II 2014ء و مابعد

رول نمبر ہندسوں میں __________ کل وقت 20 منٹ

رول نمبر الفاظ میں __________ کل نمبر 15

نوٹ: اپنا رول نمبر صرف مختص جگہ پر تحریر کریں تمام سوالات کے جوابات اسی پرچے پر دی گئی ہدایات کے مطابق تحریر کریں۔ کٹنگ، دوہری لکھائی، پنسل، ربڑ یا انک ریموور کے استعمال والے جوابات غلط تصور ہوں گے۔

سوال نمبر 1۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

1۔ سبق ''پرستان کی شہزادی'' کس مصنف کی تحریر ہے؟

(a) شاہد احمد دہلوی (b) ہاجرہ مسرور (c) اشرف صبوحی (d) سجاد حیدر یلدرم

2۔ یہ مصرع کس شاعر کا ہے؟ ''ہلال عید کی گردوں پہ آمد آمد ہے''

(a) اقبال (b) حفیظ جالندھری (c) عبدالمجید سالک (d) الطاف حسین حالی

3۔ شاکر صاحب مصنف کو لے گئے

(a) سلیم پور (b) دلی (c) جے پور (d) شاہ پور

4۔ بنت ملمع اصناف ادب کے لحاظ سے کیا ہے؟

(a) داستان (b) افسانہ (c) مضمون (d) ناول

5۔ نظم ''مال نو دام روڈ'' کس شاعر نے لکھی ہے

(a) جمیل الدین عالی (b) دلاور فگار (c) محمود سرحدی (d) ضمیر جعفری

6۔ ہاجرہ مسرور کا سن پیدائش ہے۔

(a) 1928 (b) 1929 (c) 1931 (d) 1932

7۔ درجۂ کمال تک پہنچنے کیلئے ضروری ہے۔

(a) جدوجہد (b) صلاحیت (c) خوش بختی (d) وسائل کا ہونا

8۔ استنبول کا فاتح کون ہے؟

(a) حضرت ابو ایوب انصاری (b) سلطان محمد فاتح (c) مراد ثانی (d) محمد ثانی

9۔ نظم ''نعت'' کے حوالے سے اب انسان کو عرفان حاصل ہوگا۔

(a) خدا تعالیٰ کا (b) حقائق کا (c) کائنات کا (d) انسان کا

10۔ آفت کا مارا فقیر کتنے بچوں کا باپ تھا؟

(a) تین (b) پانچ (c) سات (d) نو

11۔ قائداعظم گرائمر کی رو سے ہے۔

(a) خطاب (b) لقب (c) تخلص (d) کنیت

12۔ عیدگاہ گرائمر کی رو سے ہے

(a) اسم معرفہ (b) اسم جامد (c) اسم ظرف زماں (d) اسم ظرف مکاں

13۔ ''درمیان'' حروف کی قسم میں سے ہے۔

(a) حرفِ جار (b) حرفِ بیان (c) حرف اضافت (d) حرفِ تشبیہ

14۔ درست تلفظ والا لفظ ہے۔

(a) عُطر (b) عَطَر (c) عِطَر (d) عِطر

15۔ نفاست کا درست تلفظ ہے

(a) نُفاسَت (b) نِفاسَت (c) نَفاسَت (d) نُفاسِت

صفدرالحق سینئر OT
سنٹر آف ایکسیلنس گورنمنٹ ہائی سکول نمبر 1
ڈیرہ غازی خان

محمد مشتاق راہی SS
گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول
چوک سرور شہید

ظہور احمد SS
گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول
قصبہ گجرات مظفر گڑھ

(2) (3)

# ماڈل پیپر اُردو لازمی برائے سیکنڈری سکول (10th) پارٹ II 2014ء وما بعد

رول نمبر ہندسوں میں ________ کل وقت 2 گھنٹے 10 منٹ

رول نمبر الفاظ میں ________ حصہ انشائیہ کل نمبر 60

حصہ اول

2۔ درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجئے؟ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے) 10

حصہ نظم

(i) زمین پر جلوہ آرا ہیں مظاہر اس کی قدرت کے — بچھائے ہیں اسی داتا نے دسترخوان نعمت کے

(ii) زمانے کو اب اپنی منزل مبارک — کہ اک خضر صدرہ گزر آ گیا ہے

(iii) سُرخی اُڑی تھی پھولوں سے، سبزی گیاہ سے — پانی کنوؤں میں اُتر اتھا سائے کی چاہ سے

(iv) جھیل گئے دکھ جھیلنے والے، اب ہے کام ہمارا — ایک رہیں گے، ایک رہے گا، ایک ہے نام ہمارا

حصہ غزل

(v) میں در ماندہ اس بارگاہِ عطا کا — گناہ گار ہوں اک خطا ہوگئی ہے

(vi) مل کے بھی جو کبھی نہیں ملتا — ٹوٹ کر دل، اسی سے ملتا ہے

(vii) ہم اُسے منہ سے بُرا تو نہیں کہتے کہ فراق — دوست تیرا ہے، مگر آدمی اچھا بھی نہیں

حصہ دوم

3۔ درج ذیل اقتباسات کی تشریح کیجئے۔ حوالہ متن، خط کشیدہ الفاظ کے معانی اور سبق کا سیاق وسباق بھی درج کیجئے۔ 10=5+5=1+1+1+2

(الف) میرا ماتھا وہیں ٹھنکا کہ اگر یہی حال رہا تو یہاں بھی فرصت معلوم! خیر سیکڑوں حیلے حوالوں سے اس وقت تو میں بچ گیا اور میرے میزبان بھی میری وجہ سے نہ گئے مگر مجھے بہت جلد معلوم ہو گیا کہ جس عنقا یعنی یک سوئی کی تلاش میں میں سرگرداں تھا، وہ مجھے یہاں بھی نہ ملے گی۔

(ب) میرا خیال ہے کہ مرحوم سے شاید ہی کبھی کسی شخص کو تکلیف پہنچی ہو۔ شریف شخص کی یہ صفت سب سے معتبر مانی گئی ہے۔ اُردو، فارسی اور عربی ادبیات پر مرحوم کی نظر بڑی گہری، وسیع اور متنوع تھی۔ جس کے ہم سب ہمیشہ معترف رہے اور اس سے استفادہ کیا۔ نا ملائم الفاظ کبھی زبان پر نہیں لائے۔ بڑے شوق اور سنجیدگی سے علمی مسائل پر اظہار خیال فرماتے۔

4۔ درج ذیل سوالات میں سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجئے۔ 10

(i) نظم "حمد" کے مطابق انسان کو کس فطرت پر پیدا کیا گیا ہے؟

(ii) کون سی قوتیں کسان سے سرنگوں رہتی ہیں؟

(iii) لوک کہانی کی مختصر تعریف کیجئے؟

(iv) نام دیو مالی کے چند خصوصیات تحریر کیجئے؟

(v) حضرت ابوایوبؓ انصاری کی شخصیت کے تین اہم پہلو کون سے تھے۔؟

(vi) مرزا اسداللہ غالب کے خطوط میں موجود جملہ "دارالبقا فنا ہو جائے گا" کی وضاحت کیجئے۔

(vii) شاعری میں غزل کی تعریف کیجئے۔

(viii) حسرت موہانی مصیبت کو خوشی میں بدلنے کے لئے کون سا راستہ بتاتے ہیں؟

سوال نمبر 5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھئے؟ 5

(i) پرستان کی شہزادی (ii) چغل خور

سوال نمبر 6۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھئے؟ 15

(i) زم۔زم (ii) قائداعظم (iii) تعلیم نسواں

سوال نمبر 7۔ درج ذیل عبارت غور سے پڑھئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات دیجئے؟ 10

اسلام نے لفظ قوم کے معنی بدل دیئے ہیں۔ اسلام سے پہلے تمام قومی رشتے، تمام قومی سلسلے نسل یا علاقے سے تعلق رکھتے تھے۔ لیکن اسلام نے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے تحت ایک نیا روحانی بلکہ خدائی قومی رشتہ قائم کر دیا۔ اسلام کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ ترک ہے یا تاجیک، وہ افریقہ کا رہنے والا ہے یا عرب کا، وہ چین کا باشندہ ہے یا ماچین کا، پاکستان میں پیدا ہوا ہے یا ہندوستان میں، وہ کالے رنگ کا ہے یا گورے رنگ کا، بلکہ جس کسی نے توحید اور محمد رسول اللہ ﷺ کی رسالت کو مان لیا وہ ایک رشتے میں بندھ گیا جس سے اچھا اور پیارا رشتہ کوئی نہیں ہے۔

سوالات:

(i) اسلام نے لفظ قوم کو کتنی وسعت دی ہے؟

(ii) کیا اسلام میں نسل اور علاقے کا امتیاز جائز ہے؟

(iii) اسلام میں ترکی کے مسلمان، چین کے مسلمان اور پاکستان کے مسلمان کے درمیان امتیاز قائم ہوگا؟

(iv) کیا گورے مسلمان کو کالے مسلمان پر کوئی فوقیت حاصل ہے؟

(v) اس عبارت کا عنوان لکھئے۔


صفدر الحق سینئر OT
سنٹر آف ایکسیلنس گورنمنٹ ہائی سکول نمبر 1
ڈیرہ غازی خان

محمد مشتاق راہی SS
گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول
چوک سرور شہید

ظہور احمد SS
گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول
قصبہ گجرات مظفر گڑھ

(3) (4)

# ماڈل پیپر اُردو اختیاری برائے سیکنڈری کلاس (10th) پارٹ II 2014ء ومابعد

## (حصہ معروضی)

رول نمبر ہندسوں میں ---------- کل وقت: 20

رول نمبر الفاظ میں ---------- کل نمبر: 15

نوٹ: اپنا رول نمبر صرف مختص جگہ پر تحریر کریں۔ تمام سوالات کے جوابات اسی پرچے پر دی گئی ہدایت کے مطابق تحریر کریں۔ کٹنگ دوہری لکھائی، پنسل، ربڑ یا انک ریمور کے استعمال والے جوابات غلط تصور ہوں گے۔

سوال نمبر 1۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب A,B,C,D کے گرد دائرہ لگائیں۔

1۔ ''پرستان کی شہزادی'' سبق کس مصنف کی تحریر ہے۔

(a) شاہد احمد دہلوی (b) ہاجرہ مسرور (c) اشرف صبوحی (d) سجاد وحید رلا ارم

2۔ دلی قومی کے بے کار چھوڑ دینا سب سے بڑی ہے۔

(a) غلطی (b) کمزوری (c) خوش فہمی (d) کاہلی

3۔ سبق ''احسان عام'' کے مصنف ہیں

(a) سرسید احمد خاں (b) محمد حسین آزاد (c) خواجہ حسن نظامی (d) مولوی چراغ دین

4۔ عاشقوں کے سروں پر گٹھڑیاں تھیں

(a) خطوں کی (b) شعروں کی (c) آہوں کی (d) آنسوؤں کی

5۔ ہزار داستان کیلئے کونسا پرندہ مشہور ہے۔

(a) بلبل (b) ہدہد (c) کوئل (d) فاختہ

6۔ تمام دنیا میں قومیں پہچانی جاتی ہیں۔

(a) علم وحکمت سے (b) تہذیب وتمدن سے (c) رعب سے (d) قومی زبان سے

7۔ مصنف مرزا فرحت اللہ بیگ نے ایف۔اے کیا۔

(a) 1903ء (b) 1913ء (c) 1923ء (d) 1933ء

8۔ مولوی نذیر احمد ٹوپی پہنتے تھے۔

(a) ترکی (b) روسی (c) رومی (d) جاپانی

9۔ غزلیں کے ساتھ کون سا نام جڑا ہوا ہے۔

(a) سلطان محمود (b) شہاب الدین (c) قطب الدین (d) غیاث الدین

10۔ مرزا غالب کا سن پیدائش ہے۔

(a) 1796ء (b) 1797ء (c) 1798ء (d) 1799ء

11۔ قبلہ رو ہو کے زمیں بوس ہوئی۔

(a) قوم حجاز (b) قوم عراق (c) قوم ایران (d) قوم شام

12۔ دامن صحرا سے دعا دی۔

(a) خوش ہو کر (b) دل کی گہرائی سے (c) دونوں ہاتھ پھیلا کر (d) آسمان کی طرف منہ کر کے

13۔ ہم اپنی جان قربان کر دیں گے۔

(a) وطن پر (b) دولت پر (c) شہر پر (d) گھر پر

14۔ سنتے تھے وہ آئیں گے سنتے تھے ----------

(a) سحر ہوگی (b) صبح ہوگی (c) دوپہر ہوگی (d) شام ہوگی

15۔ شاعر علامہ اقبال انتہا چاہتا ہے۔

(a) حسن کی (b) دیوانگی کی (c) عشق کی (d) محبت کی

☆☆☆☆☆☆☆☆

(5)

(4)

# ماڈل پیپر اُردو اختیاری برائے سیکنڈری سکول جماعت دہم 2014 و مابعد

رول نمبر ہندسوں میں ________ وقت: 2 گھنٹے 10 منٹ

رول نمبر لفظوں میں ________ کل نمبر 60

حصہ انشائیہ

2۔ درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجئے۔ (تین اشعار، حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے) (4+6=10)

(i) شان آنکھوں میں نہ جچتی تھی جہانداروں کی — کلمہ پڑھتے تھے ہم چھاؤں میں تلواروں کی

(ii) امتیاز حق و باطل ہے بڑے کام کی چیز — یہ تعصب، یہ حسد تنگ دلوں کا ہے شعار

(iii) صراحی سے گھڑا، روٹی سے دستر خوان لڑتا ہے — مسافر خود نہیں لڑتا مگر سامان لڑتا ہے

(iv) شہیدوں کا لہو وہ نقش ہے انسان کی غیرت کا — جسے دنیا جہادِ حریت کا نام دیتی ہے

حصہ غزل

(v) قناعت نہ کہ عالم رنگ و بو پر — چمن اور بھی آشیاں اور بھی ہیں

(vi) یاد آتا ہے روز و شب کوئی — ہم سے روٹھا ہے بے سبب کوئی

(vii) اور کیا دیکھنے کو باقی ہے — آپ سے دل لگا کے دیکھ لیا

حصہ دوم

3۔ درج ذیل اقتباس کی تشریح کیجئے سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور سیاق و سباق بھی تحریر کیجئے؟

اے زبان! ہمارے بہت سے آرام اور بہت سی تکلیفیں، ہمارے سینکڑوں اور ہزاروں فائدے، ہماری عزت، ہماری نیک نامی اور ہماری بدنامی، ہمارا سچ، ہمارا جھوٹ صرف تیری ایک ''ہاں'' اور ''نہیں'' پر موقوف ہے۔ تیری اس ''ہاں'' اور ''نہیں'' نے کروڑوں کی جانیں بچائیں اور لاکھوں کے سر کٹوائے۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجئے۔

(i) پڑیے گر بیمار (ii) قاہرہ

5۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے 20

(i) محسنِ انسانیت ﷺ (ii) مرزا غالب کی شاعری (iii) اُردو غزل کا ارتقاء

6۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف دو کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 5

(i) زبان کا نام اور کام کیا ہے؟

(ii) نظم دعوت عمل میں شاعر کس قسم کے اعمال کی دعوت دیتا ہے۔

(iii) اہرام مصر کی تعمیر کب ہوئی؟


صفدر الحق سینئر OT
سنٹر آف ایکسیلنس گورنمنٹ ہائی سکول نمبر 1
ڈیرہ غازی خان

محمد مشتاق راہی SS
گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول
چوک سرور شہید

ظہور احمد SS
گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول
قصبہ گجرات مظفر گڑھ